

گڑھوا میں ٹرک۔ٹیمپو میں ٹکر، 5 لوگوں کی موت

گجرات روانگی کے دوران کا واقعہ، 6 کی حالت انتہائی نازک، اسپتال میں زیر علاج

رام گڑھ(ایس این بی)

جھارکھنڈ میں ایک خوفناک سڑک حادثے میں 5 لوگوں کی موت ہوگئی۔ یہ حادثہ گڑھوا شری بنسی دھر نگر مین روڈ پر پیش آیا۔ پالہے گاؤں کے شیو مندر کے پاس ایک ٹیمپو کو مخالف سمت سے آ رہے ٹرک نے ٹکر ماردی۔ جس میں 5 لوگوں کی موت ہوگئی اور آدھا درجن لوگ زخمی ہو گئے۔ جمعرات کی نصف شب کے بعد تقریباً ایک بجے پیش آئے اس حادثے میں زخمی ہونے والے سبھی لوگ گڑھوا صدر اسپتال میں زیر علاج ہیں۔ بتایا گیا ہے کہ مرنے والوں میں اتر پردیش کے سون بھدرا ضلع کے دودھی تھانہ علاقہ کے مہولی گاؤں کے کیش ناتھ کا 45 سالہ بیٹا بملیش کمار کنوجیا، گڑھوا کے رمنا تھانہ حلقہ کے سریا ٹینگر گاؤں کے سریش بھوئیاں کے 28 سالہ بیٹے ارون بھوئیاں، رماشنکر بھوئیاں کے 25 سالہ بیٹے وکیش بھوئیاں، ونو درام کے 20 سالہ بیٹے اروند بھوئیاں اور رام ورچھ بھوئیاں کے 50 سالہ بیٹے راج کمار بھوئیاں شامل ہیں۔ زخمیوں میں گڑھوا ضلع کے رمنا تھانہ علاقہ کے سریتینگر گاؤں کے رام پرسادرام کا بیٹا متھلیش بھوئیاں، امیش بھوئیاں ولد مہاویر بھوئیاں، راکیش بھوئیاں ولد رام پرساد بھویاں، معراج انصاری ولد رحم الدین انصاری، رام چندر بھوئیاں کا بیٹا سنجے بھوئیاں اور دودھی تھانے میں مہولی گاؤں کے رہنے والے رام چندر بھوئیاں کا بیٹا متھلیش بھوئیاں شامل ہیں۔ جانکاری کے مطابق یہ سبھی لوگ ایک ہی آٹو میں سوار ہوکر اپنے گاؤں شری بنسی دھر ریلوے اسٹیشن جارہےتھے۔ سبھی کو جبل پور۔ ہاوڑا شکتی پنج ایکسپریس ٹرین سے گجرات کے جام نگر جانا تھا، یہ لوگ روزگار کی تلاش میں گجرات جارہے تھے۔ اسی سلسلے میں پلہے جت پورہ شیو مندر کے قریب مخالف سمت سے آرہے ایک ٹرک نے آٹو کو ٹکر ماردی۔ ٹرک کی ٹکر سے آٹو پلٹ کر پل کے نیچے گر گیا۔ اس واقعہ کے موقع موقع واردات کے آس پاس کے لوگوں کی مدد سے جے سی بی مشین کے ذریعہ سے سبھی زخمیوں کو نکالا گیا۔ سبھی کو اسپتال پہنچایا گیا۔ جہاں ڈاکٹروں نے جانچ کے بعد 5 لوگوں کو مردہ قرار دے دیا۔

ٹرین سے کٹ کر 2 بچوں سمیت 3 افراد کی موت

لاشوں کی نہیں ہو پائی شناخت، پولیس جانچ میں مصروف

جمشیدپور(ایس این بی)

جھارکھنڈ کے مشرقی سنگھ بھوم ضلع میں جمعہ کو ایک دردناک حادثہ پیش آیا۔ ٹرین سے کٹ کر 2 بچوں سمیت 3 لوگوں کی موت ہوگئی۔ یہ واقعہ جمشید پور میں پیش آیا۔ ایک بچی، ایک بچہ اور ایک ادھیڑ کی لاش گووند پور ہالٹ کے پاس ریلوے ٹریک پر ملا۔ بتایا جارہا ہے کہ یہ واقعہ صبح تقریباً 4 بجے پیش آیا۔ ایک ٹرین گزرنے کے بعد لوگوں نے ریلوے ٹریک پر تین لاشیں پڑی دیکھیں۔ لاش کی حالت دیکھ کر اندازہ لگایا جارہا ہے کہ معاملہ خودکشی کا ہے۔ واقعہ کی اطلاع ملنے کے بعد گووند پور پولیس نے تینوں لاشوں کو اپنے قبضے میں لیکر پوسٹ مارٹم کے لئے بھیج دیا۔ پولیس نے لاشوں کو وسٹ مارٹم کے لئے بھیج دیا۔ مرنے والوں میں دو بچے ہیں جس میں ایک لڑکی اور ایک لڑکا ہے۔ ایک ادھیڑ بھی ان کے ساتھ ریلوے ٹریک پر مردہ حالت میں ملا ہے۔ خبر لکھے جانے تک مہلوکین کی شناخت نہیں ہو پائی ہے۔ پولیس ان کی شناخت کرنے کی کوشش کررہی ہے۔ پہلے آس پاس کے لوگوں کی مدد سے مہلوکین کی شناخت کرنے کی کوشش کی گئی، لیکن کوئی ٹھوس نتیجہ نہیں نکلا، اس کے بعد پولیس نے لاش کو پوسٹ مارٹم کے لئے بھیج دیا۔

سرکاری عہدوں پر تقرری کا عمل تیز کریں: چمپئی سورین

حکومت نوجوانوں کو روزگار فراہم کرنے کیلئے پر عزم: وزیر اعلیٰ

رانچی(ایس این بی)

وزیراعلیٰ چمپئی سورین نے سینئر عہدیداروں کے ساتھ ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی تا کہ سرکاری محکموں میں خالی آسامیوں پر تقرری کے عمل کو تیز کیا جاسکے۔ اس دوران وزیراعلیٰ نے انتخاب کا عمل مقررہ وقت میں مکمل کرنے کی ہدایت دی۔ میٹنگ میں وزیراعلیٰ نے جھارکھنڈ اسٹاف سلیکشن کمیشن (جے ایس ایس سی) کے ذریعے منعقد کیے جانے والے مختلف مسابقتی امتحانات کے بارے میں جانکاری لی۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ کمیشن جو بھی کیلنڈر جاری کرے، مقابلہ جاتی امتحانات اسی کے مطابق منعقد کیے جائیں۔

وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت نوجوانوں کو روزگار سے جوڑنے کے لیے پرعزم ہے۔ ایسے میں سرکاری محکموں میں جو بھی آسامیاں ہیں اور جن آسامیوں پر تقرریاں ہونی ہیں ان کے انتخاب کا عمل جلد از جلد شروع کیا جائے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ تمام تقرریوں میں حکومت کے تقرری قوانین اور روسٹر پر عمل کیا جائے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ جے ایس ایس سی کی جانب سے جو بھی مقابلہ جاتی امتحانات منعقد کیے جاتے ہیں ان میں مکمل رازداری اور شفافیت کو برقرار رکھا جانا چاہیے۔ اس میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ اگر پیپر لیک جیسے واقعات ہوئے تو جو بھی قصوروار پایا گیا اس کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ وزیراعلیٰ نے پولیس کے ڈائریکٹر جنرل اور جے ایس ایس سی کے چیئرمین کو بتایا کہ جھارکھنڈ اکسائز کانسٹیبل مسابقتی امتحان کے ذریعے 580 آسامیاں اور جھارکھنڈ ریزرو مسابقتی امتحان کے ذریعے 4919 آسامیاں بھرنے کا عمل بغیر کسی تاخیر کے شروع کیا جانا چاہیے۔ پولیس کے ڈائریکٹر جنرل نے کہا کہ جھارکھنڈ اکسائز کانسٹیبل مسابقتی امتحان کے امیدواروں کا جسمانی کارکردگی کا ٹیسٹ اس ماہ شروع ہوگا۔ اس عمل کی تکمیل کے بعد، کامیاب امیدواروں کی فہرست جے ایس ایس سی کو دستیاب کر دی جائے گی۔ وزیراعلیٰ نے جھارکھنڈ اکسائز کانسٹیبل اور جھارکھنڈ ریزرو مسابقتی امتحان کے امیدواروں کے جسمانی کارکردگی کے امتحان میں شفافیت اور نگرانی کے لیے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرنے کی واضح ہدایات دیں۔

جے ایس ایس سی کے چیئرمین پرشانت کمار نے وزیراعلیٰ کو کمیشن کے ذریعہ منعقدہ تمام مسابقتی امتحانات کے جاری عمل کے بارے میں جانکاری دی۔ انہوں نے بتایا کہ کمیشن کی جانب سے تقریباً 35 ہزار آسامیوں پر بھرتی کا عمل جاری ہے۔ اس میں پوسٹ گریجویٹ ٹریننگ ٹیچر مسابقتی امتحان کی 1868 آسامیاں، جھارکھنڈ ڈپلومہ سطح کے مشترکہ مسابقتی امتحان کی 153 آسامیاں، جھارکھنڈ میونسپل سروس کیڈر کے کمبائنڈ مسابقتی امتحان کی 921 پوسٹیں، جھارکھنڈ کے مختلف امتحانات میں ٹریننگ آفیسر کی 904 آسامیاں، جھارکھنڈ کے مختلف امتحانات میں مسابقتی امتحانات شامل ہیں۔ ابتدائی اسکول کے تربیت یافتہ اسسٹنٹ ٹیچر کا کمبائنڈ مسابقتی امتحان انٹرمیڈیٹ لیول کے 11 ہزار اسامیاں، جھارکھنڈ پرائمری اسکول کے تربیت یافتہ اسسٹنٹ ٹیچر کمبائنڈ مسابقتی امتحان میں گریجویٹ سطح کی 15001 آسامیاں، خواتین سپروائزر مسابقتی امتحان کی 488 آسامیاں، گریجویٹ جنرل کی 2000 پوسٹیں جھارکھنڈ پیرا میڈیکل کمبائنڈ مسابقتی امتحان کی 2532 آسامیوں پر بھرتی کا عمل جاری ہے۔ وزیراعلیٰ نے ان تمام مسابقتی امتحانات کے انتخاب کا عمل ستمبر کے مہینے تک مکمل کرنے کی ہدایت کی۔

دھنباد: بم دھماکہ سے دہل اٹھا آؤٹ سورسنگ سنٹر

گولی، کارتوس اور بم کی ستلی برآمد، جانچ شروع

دھنباد(ایس این بی)

دھنباد کے لویا آباد تھانہ حلقہ کے بانس جوڑا اسا کارماس آؤٹ سورسنگ واقع بم کے دھماکوں سے گونج اٹھا۔ یہ واقعہ دیر رات تقریب ایک بجے پیش آیا۔ ملزمین نے آؤٹ سورسنگ کے کیو پلانٹ پر گولی بم چلاکر دہشت پھیلایا، آؤٹ سورسنگ کی جگہ بم کی دھماکوں سے گونج اٹھا۔ واقعہ کی جانکاری ملنے کے بعد لویا آباد پولیس رات میں ہی موقع واردات پر پہنچی اور چھان بین کی۔ موقع واردات سے ایک زندہ گولی، ایک کھوکھا اور بم کی ستلی برآمد ہوئی ہے۔ واقعہ کے بعد صبح آؤٹ سورسنگ کے مزدوروں نے سیکورٹی کے مطالبہ کولیکر کام بند کر دیا وار واقعہ کے خلاف مظاہرہ کرنے لگے۔ پولیس اور آؤٹ سورسنگ انتظامیہ کی یقین دہانی کے بعد مزدور کام پر لوٹے۔ معاملے میں ساکارماس آؤٹ سورسنگ کمپنی کے ملازم جے شنکر شرما نے لویا آباد پولیس سے 9 جرائم پیشوں کے خلاف مائنس کے کیو پلانٹ میں 10-8 بم دھماکہ کرنے اور دوراؤنڈ گولی چلاکر کمپنی کا کام بند کروانے کی تحریری شکایت کی ہے۔ اپنی شکایت میں انہوں نے بتایا کہ واقعہ میں تیسری شفٹ کے انچارج گوتم مہتو بال بچے اور جاتے جاتے کمپنی کو مینج کرنے کی بات کہی اور نہ کرنے پر برا انجام بھگتنے کی دھمکی دی۔ انہوں نے بتایا کہ اس کی پہلے بھی کمپنی میں توڑ پھوڑ اور مار پیٹ ہوئی۔ واقعہ کی مذمت کرتے ہوئے ڈیکو کے جی ایم مدھو سنگھ نے کہا کہ پولیس سے سیکورٹی کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ لویا آباد تھانہ انچارج ستیہ جیت کمار نے کہا کہ اطلاع پر رات میں پولیس وہاں گئی تھی، جانچ کی جارہی ہے۔ اس واقعہ کے بعد چاروں طرف دہشت کا ماحول بن گیا۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی لویا آباد تھانہ انچارج ستیہ جیت کمار مسلح فورس کے ساتھ موقع پر پہنچے اور جانچ کی۔ اس واقعہ سے مزدوروں میں خوف پیدا ہوگیا ہے۔ اس لئے جمعہ کی صبح سیکورٹی کے مطالبہ کو لیکر مزدوروں نے کام بند کردیا اور مظاہرہ کرنے لگے۔ مزدوروں کا کہنا تھا کہ کمپنی انتظامیہ اور پولیس انہیں سیکورٹی مہیا کرائے تب کام ہوگا۔ کچھ دیر بعد پولیس اور انتظامیہ کی یقین دہانی کے بعد مزدوروں نے کام شروع کیا۔

جھارکھنڈ میں بالو اٹھاؤ پر حکومت کو جلد فیصلہ لینا چاہیئے: برجندر پرساد سنگھ

دھنباد(ایس این بی)

جھارکھنڈ پردیش کانگریس ڈسپلنری کمیٹی کے چیئرمین کم نائب صدر جھارکھنڈ پردیش کانگریس نے آج کہا ہے کہ پوری ریاست میں بالو کی شدید قلت ہے۔ جس سے سرکاری کاموں کے ساتھ ساتھ سڑک تعمیر اور عمارت تعمیر کے ساتھ ساتھ عام عوام کے کام میں آنے والی بالو کے لئے کافی پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے کیونکہ گزشتہ تقریباً ایک سال سے زیادہ سے پوری ریاست میں بالو کے لئے عوام کے ساتھ ساتھ حکومت کی دوسری ایجنسیاں بھی پریشان ہے جب تک حکومت کے ذریعہ کوئی پالیسی نہیں بنائی جاتی ہے یا گھاٹوں کی نیلامی نہیں ہوتی ہے تب تک ضلع کے ڈپٹی کمشنروں کے ذریعے کچھ عارضی انتظامات کیے جائیں، ورنہ جھارکھنڈ کی ترقی روکنے میں بالو کا بھی بہت بڑا اہم رول ہو جائے گا۔ بالو کی کمی ہونے سے پوری ریاست میں ہر ضلعوں میں بڑے پیمانے پر بالو کی چوری ہورہی ہے جس سے حکومت کا ریونیو بھی مارا جارہا ہے۔

گریڈیہہ سے مغوی فارماسسٹ پون کمار بحفاظت بازیاب

جرائم پیشہ افراد نے 30 لاکھ روپے تاوان کا مطالبہ کیا تھا

گریڈیہہ(ایس این بی)

فارماسسٹ پون کمار جسے گریڈیہہ ضلع کے جموا۔چکئی مین روڈ سے اغوا کیا گیا تھا، پولیس نے بحفاظت بازیاب کرلیا ہے۔ برنی کے پیشم سے انہیں برآمد کیا گیا ہے۔ جرائم پیشوں نے 30 لاکھ روپے تاوان کا مطالبہ کیا تھا۔ پولیس نے اس معاملے میں سنجیدگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے فارماسسٹ کو بازیاب کرالیا۔ بتایا جا رہا ہے کہ پولیس نے اغوا کاروں کو بھی پکڑ لیا ہے تاہم ابھی تک سرکاری طور پر اس کی تصدیق نہیں ہوسکی ہے۔ پولیس کی مانیں تو جلد ہی پورا معاملہ سامنے آجائے گا۔ جانکاری کے مطابق گریڈیہہ ضلع کے دیوری تھانہ علاقے کے مانکڈیہا گاؤں کا رہنے والا پون میڈیکل اسٹور کے مالک لکشمن داس کا بیٹا ہے اور فارماسسٹ ہے۔ وہ جمعرات کی رات سرون گیا تھا، جہاں سے وہ اپنی بائک پر گھر لوٹ رہا تھا۔ اس دوران سرون سے چترو کے درمیان جرائم پیشوں نے اغوا کر لیا۔ اس کے بعد جرائم پیشوں نے مغوی پون کے موبائل فون سے اس کے والد کو فون کیا اور تاوان کا مطالبہ کیا۔ فارماسسٹ پون کمار کے اغوا کے بعد گریڈیہہ کی دیوری پولیس کی ٹیم سرگرم ہوگئی۔ پولیس ٹیم کی جانب سے بازیابی کے لیے مسلسل چھاپے مارے گئے۔ بالآخر پولیس نے مغوی فارماسسٹ کو بحفاظت بازیاب کرا لیا۔ دیوری کے تھانہ انچارج سونو کمار ساہو نے بتایا کہ فارماسسٹ کو اغوا کیا گیا تھا۔ بازیابی کے لیے چھاپے مارے گئے۔ یہاں اغوا کی اطلاع ملنے کے بعد گریڈیہہ کے ایس پی دیپک کمار شرما کی ہدایت پر پورے ضلع میں ناکہ بندی کر دی گئی۔ ہر آنے اور جانے والی گاڑی کی مکمل تلاشی لی گئی۔ پولیس ذرائع کی مانیں تو اس معاملے میں کچھ لوگوں کو گرفتار بھی کیا گیا ہے۔ تاہم پولیس کا کہنا ہے کہ معاملہ بہت جلد سامنے آجائے گا۔

رام کنالی کوئلری میں بی سی سی ایل انتظامیہ نے کیا ماک ڈرل

بی سی سی ایل انتظامیہ، ڈی جی ایم ایس، ریسکیو ٹیم، سی آئی ایس ایف اور پولیس کے جوان شامل

دھنباد(قمر العارفین/ایس این بی)

کتراس، بی سی سی ایل کتراس حلقہ نمبر 4 کے تحت رام کنالی کوئلری کے اے کے ڈبلو ایم سی 2 سم انکلائنٹ 42 نمبر پٹ میں ماک ڈریل کیا گیا۔ ماک ڈریل بی سی سی ایل افسر، ڈی جی ایمس، ریسکیو ٹیم، دھنسار، مدھوبن ریسکیو ٹیم، سی آئی ایس ایف، یونین نمائندہ، رام کنالی پولیس شامل ہوئے۔ موک ڈرل کے ذریعے کانوں میں اچانک ہونے والے حادثات سے کیسے نمٹا جائے، اس لیے وقتاً فوقتاً ماک ڈرل کی جاتی ہے۔ جنرل منیجر جے ایس مہاپاترا نے کہا کہ یہ بی سی سی ایل انتظامیہ کی ذمہ داری ہے کہ وہ کولیری میں کام کرنے والے کارکنوں کی جان و مال کی حفاظت کرے۔ ناگہانی حادثے سے کیسے نمٹا جائے، اس لیے وقتاً فوقتاً فرضی مشقیں کی جاتی ہیں۔ موک ڈرل ایک قسم کی تربیت ہے۔ ڈی جی ایم ایس کے ڈائریکٹر انیل داس نے کہا کہ اگر کوئلے کی کانوں میں اچانک پانی بھر جائے یا کوئی حادثہ پیش آجائے تو اس سے نمٹنے کے لیے وقتاً فوقتاً موک ڈریل کی جاتی ہیں۔ اس موقع پر ڈی جی ایم ایس کے ڈائریکٹر انیل داس، ڈپٹی ڈائریکٹر جاوید عالم، مائنس ریسکیو ٹیم دھنسار کے اشوک رام، راجیش کمار، جنرل منیجر جے ایس مہاپاترا، ایڈیشنل جنرل منیجر یو کے سنگھ، پروجیکٹ افسر ستیندر سنگھ، منیجر سنجے سنگھ، ریجنل پرسنل منیجر رامانوج پرساد، پرسنل منیجر رانا ایس کے سنگھ، اسسٹنٹ منیجر وویک کھریار، ریجنل سیکورٹی افسر نتیش کمار، ڈاکٹر امریش کمار، سی آئی ایف کے سب انسپکٹر پریم کمار شرما، ناگ دیو یادو ریجنل ایڈوائزری کمیٹی کے چھوٹو سنگھ، ہریندر سنگھ، امیش شرما وغیرہ شامل تھے۔

بی جے پی لیڈران اور پولیس کی سازباز سے کوئلے کی اسمگلنگ جاری

دھنباد(ایس این بی)

جے ایم ایم دھنباد ضلع کے ترجمان سمیر روانی جی نے ایک پریس ریلیز جاری کرتے ہوئے ضلع بھر میں کوئلے کی اسمگلنگ پر ردعمل ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ دھنباد ضلع میں بی جے پی کے کچھ لیڈروں اور ضلع انتظامیہ کے کچھ عہدیداروں کی ملی بھگت سے چیتوڈیہہ ملکرا، تیتولیا، ناگڈا، لویا آباد، کنکانی، تیتلماری، کتراس، لوچپیاد، سدام ڈیہہ سمیت ضلع کے مختلف مقامات پر کوئلے کی اسمگلنگ جاری ہے، ساتھ ہی مذکورہ کوئلہ کو برواڈا، گووند پور، بروا علاقوں میں قائم ہارڈ کوک بھٹوں میں استعمال کیا جارہا ہے۔ مذکورہ کوئلہ اسمگلنگ میں بڑے بڑے مافیا، سیاستدان اور ضلع انتظامیہ کے کچھ اہلکار ملوث ہیں، جس کی وجہ سے حکومت کو نہ صرف ریونیو کا نقصان ہو رہا ہے بلکہ ایک سازش کے تحت عظیم اتحاد حکومت کو بدنام کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ ایک دن پہلے ریاست کے وزیراعلیٰ چمپئی سورین جی نے غیر قانونی کانکنی کو روکنے کے لیے ریاستی سطح پر امن وقانون کی جائزہ میٹنگ میں رہنما خطوط دیے تھے۔ لیکن اس قسم کا کھیل کچھ حکومت مخالف عہدیداروں اور اپوزیشن لیڈروں کی ملی بھگت سے کھیلا جا رہا ہے۔ اگر کوئلے کی غیر قانونی اسمگلنگ کو جلد از جلد روکا نہیں گیا، تو جے ایم ایم دھنباد ضلع کمیٹی عزت مآب وزیراعلیٰ چمپئی سورین جی اور پولیس کے ڈائریکٹر جنرل سے ملاقات کرے گی اور انہیں ایک شکایتی خط کے ذریعے کوئلے کی اسمگلنگ کی اصل صورتحال سے آگاہ کرے گی۔ دھنباد میں کوئلے کی اسمگلنگ کا یہ معاملہ نیا نہیں ہے۔ اس کاروبار میں شامل بڑے سفید پوش لیڈران بھی اس کالے کاروبار سے ہر ماہ کروڑوں کی وصولی کرتے ہیں۔

راجا پور پروجیکٹ سے نکلے شعلے اور دھواں سے لوگوں کا جینا محال

جھریا علاقے میں درجہ حرارت 45 ڈگری پر پہنچا

جھریا(ایس این بی)

بی جے پی کی سینئر لیڈر اسٹیٹ ورکنگ کمیٹی کی رکن راگنی سنگھ جمعرات کو بستہ کولا نمبر 7 بستی پہنچیں۔ بستی کے قریب راجا پور پروجیکٹ کے منہ سے آگ کے شعلے اور دھواں نکل رہا ہے جس کے باعث لوگوں کا جینا محال ہے دھویں اور شعلوں سے کئی لوگوں کے گھر تباہ ہو گئے ہیں۔ مقامی لوگوں کی حالت زار سن کر راگنی سنگھ نے راجا پور کے پروجیکٹ افسر ڈی سنگھ سے فون پر بات کی اور لوگوں کو فوری طور پر محفوظ مقامات پر بھیجنے کا مطالبہ کیا اور کہا کہ یہ جگہ ان لوگوں کے لیے محفوظ نہیں ہے اور اس شدید گرمی میں جس میں درجہ حرارت گر رہا ہے۔ یہ 45 ڈگری تک بڑھ رہا ہے۔ پانی اور بجلی ایک سنگین مسئلہ ہے، ایسے حالات میں بھی جان کو خطرہ ہے۔ لوگ وہاں رہ رہے ہیں، پہلے میری پہل پر چالیس کنبہ کو محفوظ مقامات پر آباد کیا گیا تھا، لیکن باقیوں کا حال جوں کا توں ہے اور وہ اب بھی یہاں رہ رہے ہیں۔

اگر جلد ہی ان لوگوں کو محفوظ مقامات پر آباد نہ کیا گیا تو جنرل منیجر سے بات کر کے شدید احتجاج کیا جائے گا۔ جس پر ڈی سنگھ نے یقین دلایا کہ جلد ہی انتظامیہ سے بات کر کے تمام لوگوں کو محفوظ مقامات پر بسایا جائے گا۔

انتخاب کے دوران ووٹر لسٹ سے غائب نام تشویش کا موضوع

سی ای او روی کمار کی متعلقہ عہدیداران کو سخت ہدایت

رانچی(ایس این بی)

جھارکھنڈ کے سی ای او (چیف الیکٹورل افسر) کے روی کمار نے تمام اضلاع کے انتخابی عہدیداروں کو لوک سبھا انتخابات میں رائے دہندوں کی طرف سے موصول ہونے والی شکایات کو دور کرنے کے لیے کی جانے والی کارروائی کے لئے سبھی ضلع کے انتخابی عہدیداروں کے ساتھ جائزہ میٹنگ کی۔ دھروا کے نرواچن سدن سے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے انہوں نے کہا کہ لوک سبھا انتخابات کے دوران ووٹر لسٹ سے غلط طریقے سے حذف کرنے کی کچھ شکایات موصول ہوئی ہے۔ قواعد کے مطابق ان کی تصدیق کریں اور کارروائی کو یقینی بنائیں۔ چھوٹے ہوئے ووٹرز کے نام ووٹر لسٹ میں شامل کرنے، کلین ووٹر لسٹ بنانے کے عمل کو تیز کرنے سمیت دیگر ہدایات دی گئیں۔ جھارکھنڈ کے چیف الیکٹورل افسر کے روی کمار نے کہا کہ لوک سبھا انتخابات 2024 کے دوران منتقل شدہ، ڈپلیکیٹ اور مردہ ووٹروں کو ووٹر انفارمیشن سلپ کی الاٹمنٹ کے سلسلے میں تیار کی گئی اے ایس ڈی لسٹ کے ساتھ ملا کر ووٹر لسٹ سے حذف کر دیا جائے۔ جن ووٹرز کے پاس اب بھی پرانے ووٹر شناختی کارڈ موجود ہیں ان کے بدلے نئے رنگین ووٹر شناختی کارڈ فراہم کیے جائیں۔ اس کے ساتھ جو ووٹرز کسی وجہ سے رہ گئے ہیں ان کا نام بھی ووٹر لسٹ میں شامل کیا جائے۔

جھارکھنڈ کے چیف الیکٹورل افسر نے کہا کہ اسمبلی انتخابات قریب ہیں۔ اس کے لئے عہدیداروں کو چاہیئے کہ وہ اپنے علاقوں کا دورہ کر کے ووٹر فہرستوں کو صاف کرنے کے عمل کو تیز کریں۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن آف انڈیا کی ہدایات کے مطابق تمام بی ایل او سپروائزر گھر گھر جا کر بی ایل اوز کے کام کی تصدیق کریں۔ BLO سپروائزر کو BLO کے ذریعے تصدیق شدہ 10% گھروں کی جسمانی طور پر تصدیق کرنی چاہیے اور ہیڈ کوارٹر کی طرف سے دیے گئے اسٹیکرز کو چسپاں کرنا چاہیے۔ جھارکھنڈ کے چیف الیکٹورل افسر کے روی کمار نے کہا کہ یکم جولائی سے ہیڈ کوارٹر کے اہلکار اضلاع کا دورہ کریں گے۔ اس دوران، ہم الیکشن کمیشن آف انڈیا کے مقرر کردہ معیار کے مطابق ووٹر لسٹ کو صاف رکھنے کے لیے ضلعی دفتر کی طرف سے کیے گئے کام کا جائزہ لیں گے۔ اس موقع پر او ایس ڈی گیتا چوبے، اسسٹنٹ چیف الیکٹورل افسر دیو داس دتہ، جونیئر الیکٹورل افسر سنیل کمار اور چیف الیکٹورل افسر کے دفتر کے عہدیدار موجود تھے۔ میٹنگ میں تمام اضلاع میں انتخابی کاموں سے وابستہ افسران اور اہلکار بشمول ای رو، آر او، کمپیوٹر آپریٹر، تمام اسمبلی حلقوں کے ہیلپ ڈیسک منیجر ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے شریک ہوئے۔

میکان فلائی اوور کی تعمیر کا کام ستمبر تک مکمل کریں

وزیر اعلی نے نظام سے متعلق کام کی پیش رفت کا اعلیٰ سطحی جائزہ لیا

رانچی(ایس این بی)

وزیر اعلیٰ چمپئی سورین نے جھارکھنڈ کی وزارت میں فلائی اوور برج، رانچی اور دیگر شہروں کے ٹریفک نظام سے متعلق سڑک کی تعمیر کے محکمہ کے ذریعہ کئے جارہے کام کی پیش رفت کا اعلیٰ سطحی جائزہ لیا۔ میٹنگ میں وزیر اعلیٰ چمپئی سورین نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ سیرم ٹولی سے میکون تک فلائی اوور کی تعمیر کا کام ستمبر 2024 کے آخر تک مکمل کریں۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ رانچی شہر کے ٹریفک کے مسئلہ پر قابو پانے کے لیے سیرم ٹولی فلائی اوور ایک بہتر آپشن ہے۔ اس فلائی اوور کی تعمیر کے کام میں کوئی تاخیر نہیں ہونی چاہیے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ہماری حکومت چاہتی ہے کہ رانچی شہر کے باشندوں کو جلد از جلد ٹریفک جام کی پریشانی سے نجات دلائی جائے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ پوری ریاست میں ٹریفک کنٹرول ہماری حکومت کی ترجیح ہے۔

روڈ کنسٹرکشن ڈپارٹمنٹ کے پرنسپل سکریٹری سنیل کمار نے ایک پاور پوائنٹ پریزنٹیشن کے ذریعے وزیر اعلی جناب چمپائی سورین کے سامنے سیرم ٹولی سے میکون تک تعمیر ہونے والے فلائی اوور کی پیش رفت کے بارے میں تازہ ترین معلومات پیش کیں۔ محکمہ کے پرنسپل سکریٹری سنیل کمار نے وزیر اعلیٰ کو مطلع کیا کہ سیرم ٹولی سے میکن تک فلائی اوور کے تعمیراتی کام میں دو جگہوں پر کیبل اسٹے برج بنائے جانے ہیں، اس مقصد کے لیے ریلوے سے تعاون طلب کیا گیا ہے۔ تقریباً تمام کام مکمل ہو چکا ہے سوائے دو جگہوں کے جہاں کیبل اسٹے پل بنائے جانے ہیں۔ رانچی ریلوے ڈویژن کے ڈی آر ایم نے مکمل تعاون فراہم کرنے کو کہا ہے تا کہ کیبل اسٹے برج کی تعمیر کا کام جلد شروع ہو سکے۔ محکمہ ریلوے کی جانب سے ہدایات ملتے ہی اضافی افرادی قوت کو تعینات کر کے کیبل اسٹے پل کی تعمیر کا کام مکمل کرلیا جائے گا۔ اس موقع پر رانچی ریلوے ڈویژن کے ڈی آر ایم جسمیت سنگھ بندرا نے وزیر اعلیٰ کو بتایا کہ ریاستی حکومت اور رانچی ریلوے ڈویژن کے درمیان باہمی تال میل قائم کرنے سے ان دونوں جگہوں پر تعمیراتی کام شروع کیا جا سکتا ہے جہاں کیبل اسٹے پل بنائے جانے ہیں، تا کہ ستمبر کے مہینے تک تمام کام مکمل ہوجائے۔ میٹنگ میں پرنسپل سکریٹری روڈ کنسٹرکشن ڈپارٹمنٹ نے وزیر اعلیٰ کو بتایا کہ مین پوسٹ آفس ڈورنڈا کے تئیں 4 ڈسمل زمین فلائی اوور کی تعمیر کے لیے استعمال ہوگی۔ اس کے لئے پوسٹ ماسٹر جنرل سے گفتگو ہوئی ہے۔ محکمہ نے ممکنہ تعاون دیا ہے۔ محکمہ ڈاک کی طرف سے چار ڈسمل اراضی دینے کے بجائے ریاستی حکومت انہیں دوسری جگہ زمین فراہم کر رہی ہے۔ وزیر اعلیٰ نے پوسٹ ماسٹر جنرل اور ریاستی حکومت کے افسران سے کہا کہ وہ محکمہ ڈاک اور سڑک کی تعمیر کے محکمے کے ساتھ تال میل کرتے ہوئے اس مسئلہ کو جلد حل کریں۔ رانچی اور دیگر شہروں میں ٹریفک کے مسئلہ کو حل کرنے کے لئے سڑک کی تعمیر کے محکمہ کی طرف سے کئے جا رہے اہم کاموں کے بارے میں جانکاری وزیر اعلیٰ چمپائی سورین کو پیش کی گئی۔ سڑک کی تعمیر کے محکمے کے پرنسپل سکریٹری سنیل کمار نے وزیر اعلیٰ کو بتایا کہ محکمہ نے رانچی میں اندرونی رنگ روڈ بنانے کی تجویز پر کام شروع کر دیا ہے۔ رانچی میں بننے والی اندرونی رنگ روڈ کی کل لمبائی 52 کلو میٹر ہوگی۔ یہ کام 11 حصوں میں ہونا ہے، جس میں تین محکموں سے انتظامی منظوری بھی لی گئی ہے۔ اندرونی رنگ روڈ کے تین حصے پہلے ہی تعمیر ہو چکے ہیں، باقی تعمیراتی کام کے لیے ڈی پی آر کی تیاری کا عمل جاری ہے۔

محکمہ کے افسران نے وزیر اعلیٰ کو بتایا کہ پوری ریاست میں ٹریفک نظام کو مضبوط بنانے کے لیے 12 فلائی اوور تعمیر کرنے کی تجویز تیار کی گئی ہے۔ دو فلائی اوور سرائے کیلا اور ایک دمکا میں بنائے جائیں گے، جب کہ باقی تمام فلائی اوور رانچی میں بنائے جانے کی تجویز ہے۔ روڈ کنسٹرکشن ڈپارٹمنٹ کے پرنسپل سکریٹری سنیل کمار نے وزیر اعلیٰ کو مطلع کیا کہ ریاست کے دمکا، ڈالٹن گنج، چائیباسا، گریڈیہ اور جمشید پور میں بائی پاس سڑک کی تعمیر کے لیے ڈی پی آر تیار کیا جارہا ہے۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ کو بتایا گیا کہ رانچی کے کرم ٹولی سے بوٹی موڑ تک RIMS کے راستے اور ہینو سے DPS اسکول برسا چوک تک فلائی اوور بنانے کے لیے ڈی پی آر تیار کیا گیا ہے۔ محکمہ کی طرف سے وزیر اعلیٰ کے سامنے اس اسکیم کا پاور پوائنٹ پریزنٹیشن بھی پیش کیا گیا۔

میٹنگ میں ریاست کے چیف سکریٹری ایل کھیانگتے، چیف منسٹر کے ایڈیشنل چیف سکریٹری اویناش کمار، سڑک تعمیراتی محکمہ کے پرنسپل سکریٹری سنیل کمار، چیف منسٹر کے سکریٹری ارواراج کمل، ڈی آر ایم۔ رانچی ریلوے ڈویژن جسمیت سنگھ بندرا، اسسٹنٹ پوسٹ جنرل چیئرمین روپک کمار سنہا، سی ڈی او، آر سی ڈی کے کے لال، چیف انجینئر ٹریفک منوہر کمار کے ساتھ روڈ کنسٹرکشن ڈیپارٹمنٹ کے دیگر افسران اور ایل اینڈ ٹی کے نمائندے موجود تھے۔